© rasailojaraid.com



حوالہ جات بھی اگر حاشیئے میں درج کردیئے جاتے تو مفید ہوتا۔ بہرکیف یہ کتاب اپنے موضوع پر مفید کاوش ہے۔ کتاب کارڈ بیک پر چھپی ہے۔

❁❁❁❁❁

نام کتاب: نقوش سیرت مؤلف: شیر محمد زمان چشتی

صفحات: ۲۴۳ قیمت: درج نہیں۔

ناشر: پروگریسو بکس، اردو بازار، لاہور تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

ڈاکٹر شیر محمد زمان چشتی پاکستان کے ممتاز دانش وراور اہل قلم ہیں۔ آپ انتہائی اہم مناصب پر فائز رہ کر اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ آپ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ڈائریکٹر جنرل اور اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئر مین رہ چکے ہیں۔ آپ کی کتب عربی، اردو اور انگریزی میں شائع ہوچکی ہیں۔

زیر نظر کتاب آپ کے چند مقالات سیرت اور چند کتب سیرت پر آپ کے مفصل تبصروں کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں چار مقالات ہیں، جن کے عنوانات ہیں

۱۔ عزم وثبات کا کوہ گراں، ۲۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، نبی رحمت وعظمت، ۳۔ اطاعت رسول ﷺ، فوز وفلاح کا ذریعہ، ۴۔ اسلامی فلاحی ریاست، اسوۂ حسنہ کی روشنی میں۔

دوسرے حصے میں پہلا مضمون خطبات رسول ﷺ ہے۔ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبات کے حوالے سے تحریر ہونے والی کتب کا جائزہ لیا گیا ہے، اس کے بعد دو کتب سیرت کا تجزیاتی مطالعہ ہے۔ پہلی کتاب بریگیڈیئر گلزار احمد کی ثنائے خواجہ ہے اور دوسری عزیز ملک کی تذکار نبی ﷺ ہے۔ تیسرے حصے میں تین کتابوں پر تبصرے ہیں:

۱۔ نقوش، رسول نمبر

۲۔ الامین، محمد رفیق ڈوگر

۳۔ ازواج مطہرات اور مستشرقین، ظفر علی قریشی

کتاب کے آغاز میں ڈاکٹر خالد علویؒ، ڈاکٹر خورشید رضوی اور پروفیسر عبد الجبار شاکر جیسے مشاہیر فضلا کی آرا شامل ہیں، جنہوں نے کتاب کے مباحث، اسلوب، تدوین اور پیش کش کو بجا طور پر سراہا ہے۔

فاضل مؤلف نے اپنے تبصروں میں نہ صرف یہ کہ متعلقہ کتاب کا مکمل تعارف اور تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے، بلکہ اس کے کم زور پہلوؤں کی نشان دہی کی ہے، اور متعلقہ موضوع پر اس کتاب سے پیش تر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہونے والے کام کا بھی ناقدانہ جائزہ لیا ہے۔

فاضل مؤلف نے بعض مقامات پر بڑی خیال افروز گفتگو بھی کی ہے، مثال کے طور پر رحمان اور رحیم کی بحث (ص ۶۴)، جہاد اور دہشت گردی کے حوالے سے فاضل مؤلف کے گراں قدر خیالات (ص ۹۰) اور قرآن حکیم کی روشنی میں مکمل سیرت طیبہ مرتب کرنے کے سلسلے میں ہونے والی کاوشوں کے بارے میں ان کے خیالات (ص ۱۴۳)، پیش کیے جاسکتے ہیں۔

مؤلف کا اسلوب ایک مسلمان کی حیثیت سے انتہائی عقیدت مندانہ ہونے کے ساتھ ساتھ کیف و سوز سے مملو ہے، اور زبان و بیان کی لطافت کے ساتھ ساتھ ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق و ارادت کا بھرپور مظہر ہے۔

کتاب عمدہ طباعت کے ساتھ تدوین و ترتیب کا بھی عمدہ نمونہ ہے۔

❁❁❁❁❁

نام کتاب: شمائل نبوی کا ایمان افروز مرقع　　　مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات: ۱۵۳　　　قیمت: درج نہیں۔

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد۔ نوشہرہ

تبصرہ نگار: ولی حسینی

مولانا عبدالقیوم حقانی کے اس سلسلۂ کتب کی چار کتابوں پر السیرہ کے صفحات میں تعارف شائع ہوچکا ہے (ملاحظہ کیجیے: شمارہ ۱۴) یہ درحقیقت مولانا کی تالیف شرح شمائل ترمذی کے مختلف حصے ہیں جو علیحدہ علیحدہ شائع ہورہے ہیں۔ اس سلسلے کی یہ نویں کتاب ہے۔ اس کے علاوہ آٹھ کتب کے عنوانات یہ ہیں:

جمال محمد ﷺ کا دل ربا منظر۔ روئے زیبا ﷺ کی تابانیاں۔ ماہتاب نبوت ﷺ کی ضو افشانیاں۔ آفتاب نبوت ﷺ کی ضیا پاشیاں۔ محبوب خدا ﷺ کی دل ربا ادائیں۔ محبوبِ خدا ﷺ کی عبادت و اعتدال۔ خصائل نبوی ﷺ کا دل آویز منظر۔

اس کتاب میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ، آپ کے آخری ایام اور انتقال وغیرہ امور پر مشتمل ۴۷/احادیث کی شرح بیان کی گئی ہے۔

اسلوب مدرسانہ اور عام فہم ہے، ضخامت کم ہونے کی وجہ سے کتاب سے ایک دونشست میں استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

© rasailojaraid.com